16/04/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

ترقی اور عوامی بہبودکو ان کی حکومت میں مرکزیت حاصل ہے۔ Connectivity وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ

روہمو پلوامہ میں نالہ رومشی پر دو گلیاروں والے پل کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس پل کا افتتاح خطہ کے لوگوں کی زندگی میں آسانی پیدا کرنے کی سمت میں ایک قدم ہے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے راج بھون جموں میں ہماچل دوس تقریب کی میزبانی کی۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قدرت نے ہماچل پردیش کو اعلیٰ ثقافتی ورثے ، روحانیت اور روایات سے مالا مال کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ ہماچل پردیش کے عوام کی تمنائیں پورا ہوں اور ہماچل پردیش ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہے۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ پہلے ملک میں تعلیمی پالیسی نوآبادیاتی ذہنیت پر مبنی تھی اور اس پالیسی کے تحت ملک کو غیر ملکی افراد کی طرف سے طے شدہ مضامین کا غلام بنایا گیا تھا۔

سمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل ایجوکیشن پالیسی 2020 "Social Harmony and Education" قابلیت ، اخلاق ، مہارت اور مساوات پسندی کے ساتھ ساتھ جامع نشونما کا ایک مکمل پیکیج ہے۔

درخشاں اندرابی

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن اور سینئر بی جے پی لیڈر ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وادی کو ریل کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں سے جوڑنا ایک تاریخی لمحہ ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس سے وادی میں ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔

پولیس

کو proficiency جموں و کشمیر پولیس کے لئے کل ڈسٹرکٹ پولیس لائینز جموں میں 12 ہفتوں پر مشتمل فنگر پرنٹ سائنس رس شروع ہوا ۔ یہ کورس نیشنل کرائم ریکارڈس بیورو کے سینٹرل فنگر پرنٹ ڈویژن کے اشتراک سے منعقد کیا جارہا ہے سسٹم Identification اور اس میں شرکت کرنے والے پولیس اہلکاروں کو فنگر پرنٹ نالیج اور نیشنل آٹومیٹڈ فنگر پرنٹ ہیڈ کوارٹرس ایم کے سنہا کورس کی ADGP سے متعلق جانکاری دی جائے گی۔ جموں کشمیر پولیس کے NAFIS یعنی افتتاحی تقریب پر مہمان خصوصی تھے۔

کشمیر IGP

کشمیر وی کے بردی نے پولیس کنٹرول روم سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ IGP میں موجودہ سیکورٹی صورتحال اور مختلف سیکیورٹی ایجنسیوں میں باہمی تعاون کو یقینی بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ میٹنگ میں مختلف سیکورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

آئی جی پی کشمیر نے انٹلیجنس نیٹ ورک کو مستحکم کرنے اور حساس مقامات پر مزید نگرانی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ طے شدہ ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل 26 ہزار 622 سیلانیوں نے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے کل شام تک مجموعی طور پر 6 لاکھ98 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ضلع سرینگر میں خود روزگار اسکیموں کی پیشرفت اور ان کے نفاذ سے متعلق ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹربلال محی الدین بھٹ کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ انہوں نے تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ ضلع میں خود روزگار کے پروگراموں کے موثر نفاذ کے لئے قریبی تال میل سے کام کریں۔

ایک اور میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر نے ضلع میں امرُت کے دوسرے مرحلے کے تحت پانی کی فراہمی کے منصوبوں کے نفاذ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 7ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ